سید فصیح اقبال : محترمہ، میں بھی محترم سید عبداللہ شاہ صاحب کی حمایت کرتا ہوں۔ جہاں تک ریلوے کا تعلق ہے محترم وزیر صاحب نے یقین دہانی کرائی تھی کہ ریلوے سیکورٹی کے نظام کو بہتر بنایا جائے گا چونکہ یہ واقعات آج کے نہیں ہیں۔ بلکہ پچھلی حکومت میں بھی یہ واقعات ہوئے اور ریل گاڑیوں پر فائرنگ ہوئی۔ اس وقت تو یہ حادثاتی معلوم ہوا لیکن اب تو ڈاکوؤں نے باقاعدہ آپریشن شروع کر دیا اور جیسے شاہ صاحب نے فرمایا کہ انہوں نے باقاعدہ لیٹر چھپوائے اور پریس کلب کو دیئے کہ اب ہمارا حملہ ریلوے پر ہوگا۔ اگر خدانخواستہ ریلوے کو انہوں نے معطل کر دیا تو پھر پاکستان کے اس واحد کمیونیکیشن کے ذریعے کے نہ ہونے سے عوام کو شدید تکلیف ہو جائے گی۔ اس طرح پھر کوئی راستہ نہیں ہوگا سڑکیں ویسے بند ہیں رات کو ہائی وے پر کوئی آدمی

سفر نہیں کرتا بلکہ دن دہاڑے لوگ اغوا ہو رہے ہیں۔ ریلوے ہی ایک ایسا ذریعہ آمدورفت ہے جو رابطے کا کام دے رہا ہے۔ یہ فیڈرل گورنمنٹ کا فرض ہے کہ انہیں روایتی ریلوے پولیس کو شامل نہیں کرنا چاہیئے کیونکہ شک ہے کہ کچھ ریلوے پولیس کے لوگ بھی ملے ہوئے ہیں لہذا سندھ میں عام یہ بھی شکایت ہے کہ پولیس ڈاکوؤں سے ملی ہوئی ہے ورنہ وہ اتنا بڑا آپریشن نہیں کر سکتے۔

لہذا میری ایوان کی وساطت سے تجویز ہے کہ ریلوے سیکورٹی نظام کو بہتر بنائیں کمانڈو سسٹم رکھیں۔ اس کے علاوہ پائلٹ سروس بھی شروع کرو جس طرح ۵۶ تک وہاں خبروں کے سلسلے میں کیا گیا تھا۔ لہذا میری ان سے استدعا ہے کہ ریلوے سیکورٹی نظام پولیس سے ہٹ کر بنائیں اور خود بھی چیکنگ کریں جو روایتی افسروں کی وساطت سے نہ ہو۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : جناب سید اقبال حیدر صاحب۔

**Syed Iqbal Haider** : Madam Chairperson, the incidents of collision of trains are on no alarming increase and this is one of the incidents that I have drawn the attention of this House which is very recent incident and which has occurred purely due to the negligence of the staff. Despite the fact that more than a week has passed I have not read if any action has been taken against the persons who have committed this act of negligence which has resulted in colossal loss of the goods as well as the assets of the Government and the people.

Madam Chairperson, though no assurance was given by the honourable Minister that the Railways working is extremely dissatisfactory even according to them last week when a similar motion whas discussed in this House there appeared to be no sign of improvement. In fact there is further deterioration in a rapid manner and I am really at a loss to understand as to how this menace will be controlled by the Ministry. Thank you.

**Madam Deputy Chairman** : Prof. Khurshid Ahmed.

پروفیسر خورشید احمد ، محترمہ چیئرمین صاحبہ' مجھے تعجب ہے کہ ہمارے عزیز بھائی اور محترم وزیر نے ان تحریکات التواء کی مخالفت کی وہ خود اس بات کے معترف ہیں اور اس سے پہلے اسی نوعیت کی ایک تحریک وہ منظور کروا چکے ہیں اس سے یہ بات کم از کم ثابت ہے کہ ریلوے کا اس نوعیت کا حادثہ جو جان و مال کی تباہی پر منتج ہوتا ہے۔ وہ اتنا اہم واقعہ ہے کہ اس پر تحریک التواء قبول کی جائے۔ میں آپ کو یاد دلاؤں گا کہ برصغیر کی تاریخ میں انگریزوں کے دور حکومت میں برسوں میں کوئی ایک واقعہ ہوتا تھا اور جو لیجسلیٹو کونسل اس زمانے میں تھی اس میں اس پر ایک تحریک التواء منظور ہوئی ہے۔ پاکستان بننے کے بعد بھی کئی سالوں میں ایک واقعہ ہوا شروع میں ہندوستان میں' یو پی میں جب پہلا واقعہ ہوا اس وقت متعلقہ وزیر نے استعفیٰ دے دیا تھا۔ بلاشبہ اس کی براہ راست ذمہ داری نہیں تھی۔ لیکن اس نے کہا کہ میں ذمہ داری لیتا ہوں اور میں resign کرتا ہوں۔ انگلستان میں' کم از کم اپنے دس سالہ قیام کے دوران میں کہہ سکتا ہوں کہ صرف دو واقعات ہوئے۔ ایک کمپیوٹر کا اور ایک ریل کا جاپان میں غالباً کئی سالوں کے بعد ابھی ایک واقعہ ہوا ہے۔ اور وہ بھی collapseof bridge under construction ہوا تھا۔ ہمارے ہاں جس رفتار سے یہ واقعات ہو رہے ہیں۔ اس کی بنا پر یہ plea نہیں لی جا سکتی کہ یہ اہم نہیں۔ جو بات کہی جا سکتی ہے وہ یہ ہے کہ اتنی جلدی ہم دوبارہ کیسے لے لیں۔

یہاں میں ایک موقف آپ کے سامنے پیش کروں گا کہ ہر حادثہ ایک منفرد واقعہ ہے۔ ہر واقعہ جس میں ایک انسان کی جان جائے وہ ایک منفرد واقعہ ہے۔ محض یہ کہہ کر کہ اور بھی لوگ مارے گئے ہیں اور بھی حادثات ہوئے ہیں اسے ایک عمومی چیز نہیں قرار دیا جا سکتا۔ یہ ایک specific واقعہ کے بارے میں ہے اور اس میں سے ہر واقعہ اتنا اہم ہے کہ اس کا نوٹس لیا جائے اس پر گفتگو کی جائے اور حقیقت یہ ہے کہ حکومت اور حکومت کے ذمہ دار افراد کی نیند حرام ہونی چاہیئے۔ کہ یہ کیا ہو رہا ہے۔ ادھر ریلوے کی بوگیاں گر رہی ہیں ادھر حادثے ہو رہے ہیں۔ ایک حادثہ ہو جاتا ہے اس کے بعد بھی کان پر جوں نہیں رینگتی ہے۔ اباسین والے واقعہ میں چار افراد مارے گئے ہیں۔ متعدد افراد زخمی ہوئے ہیں۔ دس افراد شدید زخمی ہوئے ہیں۔ تو یہ چیزیں اتنی اہم ہیں کہ ان کا نوٹس لیا جائے اور پارلیمنٹ کا کام ہی یہ ہے کہ اس نوعیت کی خرابیاں جہاں ہوتی ہیں اس کا احتساب ہو۔ تحریک التواء اسی احتساب کا نام ہے اور میرا خیال ہے حکومت کو اس بھاگنا نہیں چاہیئے اسے فیس کرنا چاہیئے۔ شکریہ۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین: میر ہزار خان بجرانی صاحب۔

*(interruption)*

**Jam Karar-ud-din**: It shall not revive discussion on a matter including the discussion on the admissibility of no adjournment motion which has been discussed in the Senate or in the National Assembly within last four months. This sort of matter has alrady been discussed in this very Senate pertaining to Railway accidents. Same discussion of same nature cannot be revived.

*(Interruption)*

سید عبداللہ شاہ : اگر ایک ریلوے ایکسیڈنٹ ہو جانے اور اس پر ڈسکشن ہو جانے تو پھر یہ ایکسیڈنٹ ہوتے رہیں اور خاموش رہیں کیونکہ ہم اس پر ایک مرتبہ ڈسکشن کر چکے ہیں' This is not the rule, I beg to differ ?

میڈم ڈپٹی چیئرمین : میرے خیال میں ڈسکس نہیں ہوا تھا۔

**Jam Karar-ud-Din** : Discussion has taken place.

میڈم ڈپٹی چیئرمین : میر ہزار خان بجرانی صاحب۔ یہ پہلے ڈسکس ہوا ہے؟

میر ہزار خان بجارانی : محترمہ چیئرپرسن صاحبہ' اس نوعیت کا ایک واقعہ پہلے ضرور ڈسکس ہوا تھا لیکن ان تینوں particular incidents میں سے کوئی بھی ڈسکس نہیں ہوا۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : یہ نہیں ہوا اور اسے سے ملتا جلتا اگر ہوا ہے تو That can not affect this one.

میر ہزار خان بجارانی : ملتا جلتا ضرور ہوا ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین : جناب میر عبدالجبار خان صاحب آن اے پوائنٹ آف آرڈر ۔

میر عبدالجبار : محترمہ چیئرپرسن' بہت بہت شکریہ' آپ کا ۔ دو مختلف واقعات پاکستان

ریلویز کے سلسلے میں اس وقت زیر بحث ہیں۔ ایک کا پہلو تخریب کاری سے ہے اور دوسرا محکمہ ریلوے کے حکام کی غفلت مجرمانہ غفلت کا ہے۔ یہ دونوں امور اس وقت زیر بحث ہیں ریلوے حکام کی مبینہ غفلت کے ایک واقعہ کا میں عینی شاہد ہوں۔ اس ماہ کی 24 تاریخ کا واقعہ ہے میں پنڈی شہر سے اپنی گاڑی میں اسلام آباد آرہا تھا تو راستے میں ایک ریلوے کراسنگ آیا جو غالباً گولڑہ شریف کا ریلوے کراسنگ کہلاتا ہے۔ پھاٹک بند تھا لہذا میں وہاں پر کھڑا ہوگیا۔ پھاٹک بند تھا دن کے دو بجکر غالباً گیارہ منٹ ہونے تھے۔ میں نے دیکھا کہ کچھ ویگنیں جن میں بجری اور سیمنٹ قسم کی چیزیں بھری ہوئی نظر آ رہی تھیں بہت تیزی سے ریلوے اسٹیشن گولڑہ شریف کی سمت سے پنڈی کی جانب بغیر انجن کے آتی دکھائی دیں میں نے محسوس کیا کہ اگر یہ ویگنیں پنڈی ریلوے سٹیشن میں داخل ہوگئیں تو ایک طوفان برپا ہو جائے گا لوگ مریں گے اور املاک کا بہت نقصان ہوگا۔ میں سوچ ہی رہا تھا تو میں نے دیکھا اس لیول کراسنگ کا کیبن مین جو نہایت تیزی سے بھاگتا ہوا آ رہا تھا اس نے نہایت پھرتی سے کانٹا تبدیل کر دیا اور تیزی سے آتی ہوئی ویگنوں کو پنڈی جانے والی مین لائن سے ہٹا کر باہر نکلنے والی لائن پر ڈال دیا۔ غالباً اس وقت ان بوگیوں کی سپیڈ پچاس اٹھ میل فی گھنٹہ ہوگی ۔ بوگیاں جو تیزی سے پنڈی کی سمت جا رہی تھیں۔ کانٹا تبدیل کر دیا اور تیزی سے جا رہی تھیں ۔ کانٹا تبدیل ہونے کے باعث نیچے گرتی چلی گئیں اور خوفناک آواز بند ہوئی۔ اس کے فوراً بعد چار پانچ ڈبے اور آتے دکھائی دیئے اور تین پھر آئے۔ دو پھر آئے۔ یہ تمام ویگنز، ایک دوسرے سے ٹکرا کر نیچے کھڈ میں گرتے گئے۔ یقیناً اس میں لاپروائی کا عنصر بہت زیادہ ہے۔ اس میں ریلوے حکام نے محکمانہ ایکشن لیا ہوگا، انکوائری بٹھائی ہوگی، جہاں وزیر موصوف نے انکوائری بٹھائی ہوگی میں سمجھتا ہوں وہ کیبن مین جس نے کانٹا تبدیل کیا اور ریلوے سٹیشن پنڈی کو خوفناک اور بھیانک حادثہ سے بچایا اس کا یہ فعل نہایت ہی قابل تحسین اور قابل ستائش ہے۔ آپ اس کیبن مین کو انعام دیجیئے گا۔ اور دوسری طرف جو مجرمانہ غفلت ہوئی ہے اس کے خلاف تادیبی اقدام کیجیئے گا۔

**سید مظہر علی** : پوائنٹ آف آرڈر ، میڈم چیئرمین، میرے دوست نے بڑی اچھی بات کی ہے مگر یہ روایت نہیں بننی چاہیئے۔ میں سمجھتا ہوں کہ صرف محرکین ہی بول سکتے ہیں۔

**میڈم ڈپٹی چیئرمین**: انہوں نے پوائنٹ آف آرڈر پر کہا ہے۔ جیسے آپ کو اجازت

دی ویسے ہی ان کو بھی اجازت دی تھی۔ جناب میر ہزار خان بجارانی صاحب،

میر ہزار خان بجارانی: بہت بہت شکریہ محترمہ، سب سے پہلے تو میں آپ کے توسط سے اس ایوان کو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ ہم پوری طرح سے ان واقعات پر نظر رکھے ہوئے ہیں اور ہماری طرف سے کبھی کوئی غفلت یا ایسا کوئی عمل نہ پہلے ہوا ہے نہ انشاء اللہ ہوگا جس سے یہ تاثر ملے کہ ہم نے ان حالات کو جوں کا توں چھوڑا ہوا ہے اور ان پر نظر نہیں رکھی ہوئی اور میں آپ کے توسط سے ذاتی طور پر معزز ممبران کو یقین دلاتا ہوں کہ میں نے جب سے مجھے یہ چارج ملا ہے ذاتی دلچسپی لی ہے اور جو بھی ممکنہ اقدامات، سیفٹی اور سیکورٹی اور efficiency کے لئے میں کر سکا ہوں وہ میں نے کئے ہیں اور میں یہ دعویٰ نہیں کرتا کہ ہم میں بالکل مثبت اور پرفیکٹ انتظامات کئے ہیں۔ اس میں یقیناً خامیاں بھی ہوں گی۔ اس میں improvement کی گنجائش موجود ہے۔ اور ہم کوشش کریں گے کہ اسے ہم مزید improve کریں۔ اس میں ممبر صاحبان کا بھی میں تعاون چاہوں گا کہ وہ اپنی تجاویز جس طرح ہمیشہ دیتے آئے ہیں اور میری رہنمائی کرتے آئے ہیں وہ میری راہنمائی کریں جہاں تک ان تین تحاریک التواء کا تعلق ہے ان پر میں ایک ایک کر کے مختصر سی statements آپ کے سامنے پیش کرنا چاہوں گا۔

سب سے پہلا واقعہ جو سید عبداللہ شاہ صاحب اس ایوان کے نوٹس میں لائے تھے وہ تھی فائرنگ۔ پیارو گوٹھ کے قرب ہماری ایک ٹرین پر۔ اصل میں اس کا بیک گراؤنڈ یہ ہے کہ 21 تاریخ کو تقریباً ڈیڑھ بجے ایک ڈاکوؤں کے ٹولے نے جس میں تقریباً گیارہ بارہ کے قریب لوگ شامل تھے۔ پیارو گوٹھ میں ایک شخص شوکت علی کے گھر پر، اغوا کے خیال سے حملہ کیا تھا اور فائرنگ کرتے ہوئے انہوں نے اس شخص کے گھر سے عرفان نامی ایک شخص کو اغوا کیا اور اسے اٹھا کر وہ وہاں سے فرار ہونے کی کوشش کر رہے تھے۔ ان کے تعاقب میں وہاں کے مقامی پولیس اور وہاں کے جو مقامی لوگ تھے وہ اپنے اپنے ہتھیار لے کر فائرنگ کرتے ہوئے آئے اور یہ واقعہ اس ریلوے اسٹیشن کے قریب کا ہے اسی اثناء میں ہماری ٹرین موہنجو داڑو ایکسپریس اندرونی سنگل کراس کر کے اندر آئی اور جہاں ان کی کراس فائرنگ پہلے ہی چل رہی تھی ڈاکوؤں، پولیس اور شہریوں کے درمیان اس کے بیچ میں یہ ٹرین آگئی اور اس کراس فائرنگ کے نتیجے میں ٹرین کی جو آخری بوگی تھی اس میں کچھ گولیاں لگیں اور ان گولیوں کے لگنے کے نتیجے میں دو مسافر خواتین زخمی ہوئیں یہ ایک ایسی نوعیت کا واقعہ ہے جس میں ریلوے حکام یا ریلوے کی جو اسکارٹ پولیس ہے اس کو ہم

کسی بھی طرح اس کا ذمہ دار نہیں ٹھہرا سکتے البتہ ان کو الرٹ ضرور رہنا چاہئیے اور اس اثناء میں ریلوے پولیس کو جیسا کہ میں نے پہلے بھی ایوان کے سامنے بیان کیا تھا کہ ہم نے سیکورٹی بڑھائی ہے اور ان کی تعداد میں اضافہ کیا ہے پہلے جو ریلوے پولیس کی ٹیم ریلوں پر ہوا کرتی تھی ان کی تعداد چار ہوا کرتی تھی جس میں ایک ہیڈ کانسٹیبل اور چار کانسٹیبل ہوا کرتے تھے لیکن ان واقعات کی وجہ سے اور اس وقت امن و امان کے جو سندھ کے حالات ہیں ان کی وجہ سے ہم نے ان کی تعداد بڑھا دی تھی اور اس خاص ٹرین پر اس وقت ہمارے پولیس کے دس آدمی موجود تھے ان میں ایک اے ایس آئی ایک ہیڈ کانسٹیبل اور آٹھ کانسٹیبل تھے انہوں نےبھی فائرنگ کی یہ کراس فائرنگ ہو رہی تھی اور ٹرین اس درمیان آگئی تو انہوں نے بھی اس دوران فائرنگ کی اور انہوں نے تقریباً ۲۵ راؤنڈ فائر کئے لیکن بدقسمتی سے دو خواتین زخمی ہو چکی تھیں ان کو فوری طور پر طبی امداد کے لئے دادو ہسپتال میں لے جایا گیا اور اس کے بعد انہیں نواب شاہ کے میڈیکل کالج ہسپتال میں لے جایا گیا جہاں ان کی حالت تسلی بخش ہے اور ان کا علاج ٹھیک ٹھاک طریقے سے ہوچکا ہے اس بیان کی روشنی میں میں سمجھتا ہوں کہ میرے فاضل دوست اس موشن کو پریس نہیں کریں گے اور میں یہ یقین بھی دلا دوں کہ ہم انشاء اللہ مزید کوششیں کریں گے اور صوبائی حکومت کی جو بنیادی طور پر امن و امان قائم کرنے کی جو ذمہ داری ہے اس کے تعاون سے ہم اپنی کوششوں کو مربوط کرتے ہوئے ریلوے کے سفر کو زیادہ محفوظ بنانے کی پوری کوشش کریں گے اور یہ یقین دھانی کرائیں گے کہ سیفٹی اور سیکورٹی جو ہے وہ قائم رہے اور اس قسم کے واقعات آئندہ نہ ہوں۔

اس کے بعد جناب جو دوسری ایڈجرنمنٹ موشن یہاں پیش ہوئی ہے وہ کشمور اور جیکب آباد سیکشن پر کشمور اور بخشاپور ریلوے اسٹیشن کے درمیان آباسین ایکسپریس اور پسینجر ٹرین کے درمیان ہونے والے حادثے کے بارے میں ہے اصل میں اس حادثے کا جو سبب ہوا ہے وہ tele-communication کا بریک ڈاؤن تھا اس سیکشن پر پچھلے کچھ عرصے سے tele-communication صحیح طور پر کام نہیں کر رہا تھا اور جیسے یہاں معزز سینیٹرز نے ذکر بھی کیا ہے کہ عام طور پر ٹیلیفون کی تاریں جن میں پیتل ہوتا ہے وہ لوگ چرا کر لے جاتے ہیں کاٹ کر لے جاتے ہیں جس سے tele-communication system خراب ہوجاتا ہے اور کچھ سیکٹرز میں سندھ کے اندر خاص طور پر یہ حرکت بڑے پیمانے پر ہو رہی ہے اور اس پر ہمارے وزیر

مواصلات صاحب زیادہ وضاحت کسی مناسب موقع پر کریں گے تو اس کی وجہ سے جو اس سیکشن پر tele-communication سسٹم تھا وہ فیل تھا اور اس کا متبادل جو ہوتا ہے کہ ایک انجن یا ایک انجن اور بوگی اگلے سٹیشن پر جاتی ہے اور وہاں پر ان کے جو فارمز ہوتے ہیں ان کو پن کرکے اس طرح سے ایک دوسرے کو انفارمیشن دے کر ٹریفک کا سسٹم بحال کیا جاتاہے لیکن اس روز صحیح انفارمیشن دونوں سٹیشنوں کے درمیان نہیں آسکی اور ایک انفارمیشن ان کو یہ ملی کہ اباسین شاید اپنے مقرر وقت سے دو گھنٹے لیٹ ہے تو اس دوران جو پیسنجر ٹرین کشمور پر جیکب آباد جانا تھی سٹیشن ماسٹر نے اپنی صوابدید پر فیصلہ کیا' ان کو یہ انفارمیشن ملی کہ دو گھنٹے لیٹ ہے انہوں نے سوچا کہ ہم اس ٹرین کو چلائیں اور بلاوجہ اسے نہ روکا جائے تو انہوں نے اس ٹرین کو جانے کی اجازت دے دی جبکہ حقیقت یہ تھی کہ وہ اباسین جو تھی وہ لیٹ نہیں تھی بلکہ اپنے وقت پر آرہی تھی یہ انسانی غلطی ضرور ہے اور ان کی غفلت ضرور ہے۔

میں یہاں اس ایوان کے فلور پر ان کو ہرگز پروٹیکٹ نہیں کروں گا اور یہ یقین دہانی کراؤں گا کہ جو لوگ اس میں ملوث تھے جن کی وجہ سے کچھ یہ قیمتی جانیں ضائع ہوئیں ریلوے کا اتنا بڑا نقصان ہوا ان کو ہم کبھی بغیر سزا کے نہیں جانے دیں گے تو اس کے نتیجے میں یہ تصادم ہوا یہ بہت بڑا حادثہ بھی ہو سکتا تھا لیکن دونوں ڈرائیوروں نے جب آمنے سامنے ایک دوسری کی ریلیں آتی ہوئی دیکھیں تو انہوں نے بریکیں لگائیں لیکن بدقسمتی سے وہ حادثہ روکا تو نہ جا سکا حادثہ ضرورعمل میں آیا لیکن جس طرح سے اخبارات نے رپورٹ کیا اس کی حقیقت وہ نہیں تھی اس میں موقع پر صرف ۲ اشخاص ہلاک ہوئے جس میں ایک پیسنجر ٹرین کا ڈرائیور ہلاک ہوا ہے اور ایک پیسنجر ہلاک ہوا ہے جس کا نام عبدالرحمان ہے اور ڈرائیور کا نام محمد اسماعیل تھا اور تقریباً ۱۱ اشخاص زخمی ہوئے جس میں ایک اباسین کے لوکوموٹو کا ڈرائیور شدید زخمی تھا اور باقی جو اس میں زخمی تھے وہ اتنے شدید زخمی نہیں تھے اور بعد میں اباسین کا ڈرائیور ہسپتال میں زخموں کی تاب نہ لا کر چل بسا تو یہ کل ۳ اشخاص تھے جن کی موت اس حادثے کی وجہ سے ہوئی ہے اور باقی جو ۱۱ آدمی اس حادثے میں زخمی ہوئے ان میں سے ایک کو فوری طور پر طبی امداد دے کر ہسپتال سے فارغ کر دیا گیا تھا اور ۴ ایسے تھے جن کو وہاں ہسپتال میں داخل کر دیا گیا اور ان کو طبی سہولتیں فراہم کی گئیں۔

میرے فاضل دوستوں نے اس خدشے کا بھی اظہار کیا کہ شاید کوئی نوٹس نہیں لیا اور کوئی ایکشن نہیں ہوا تو میں اس ایوان کو یہ بتانا چاہوں گا کہ ہم نے فوری طور پر جو لوگ موقع پر

ذمہ دار تھے ان کو معطل کیا ہے جن میں جیکب آباد کے ٹریفک انسپکٹر tele-communication کے فورمین جیکب آباد کے اسسٹنٹ سٹیشن ماسٹر کشمور کالونی کے اسسٹنٹ سٹیشن ماسٹر اور سٹیشن ماسٹر بخشا پور شامل ہیں اس کے علاوہ ہم نے ایک انکوائری بٹھائی ہے اور اس انکوائری کے دائرے میں ہمارے 20 گریڈ کے افسر انسپکٹر، فیڈرل گورنمنٹ انسپکٹر آف ریلوے ان کے ماتحت ہم نے انکوائری کنڈکٹ کی ہے اور جو لوگ بھی اس میں ملوث پائے گئے اور جن کی غفلت پائی گئی tele-communication system کیوں بحال نہیں ہوا اس کو درست کیوں نہیں کیا گیا اور کون اس کے ذمہ دار تھے وہ چاہے کتنے بھی بڑے لیول کے افسر ہوں گے میں آپ کو یقین دہانی کراتا ہوں کہ میں ان کے خلاف ایکشن ضرور لوں گا لیکن اس رپورٹ کا ابھی ہمیں انتظار ہے اور جیسے ہی وہ رپورٹ آئے گی اس کی روشنی میں انشاء اللہ جتنے ذمہ دار لوگ ہوں گے ان کے خلاف ہم کارروائی کریں گے۔

جہاں تک جو اموات ہوئی ہیں ان کی compensation کا تعلق ہے وہ فوری طور پر ہم نے ہر متوفی کے ورثا کو پچاس ہزار روپے کی compensation دینے کا فیصلہ کیا ہے اور انشاءاللہ کل ان تینوں کے ورثا کو پچاس پچاس ہزار کے چیک deliver ہو جائیں گے اور جو چار زخمی ہسپتال میں داخل ہونے تھے ان کے لئے دس دس ہزار روپے کے چیک کا بھی ہم نے بندوبست کیا ہے وہ بھی انشاءاللہ کل ان کو ہم deliver کر دیں گے۔

جہاں تک سیفٹی اور سیکورٹی کا تعلق ہے میں نے پہلے بھی گزارش کی ہے کہ انشاءاللہ ہم مزید اقدامات اٹھائیں گے جس سے ٹرینوں کی فنکشنگ بہترین انداز میں یقینی بنائی جائے اور سیفٹی اور سیکورٹی کو ہم بہتر بنا سکیں۔

اس کے بعد جو آخری ایڈجرنمنٹ موشن موو کیا گیا وہ ہے regarding 24 loaded wagons جو گولڑہ سٹیشن کے پاس derail ہوئیں۔ اصل میں حقیقت یہ تھی کہ ۲۴ تاریخ کو تقریباً ا بج کر ۵۰ منٹ پر وہاں پر لوکل شنٹنگ ہو رہی تھی چونکہ گولڑہ شریف سٹیشن سے کچھ decline پنڈی کی طرف آتا ہے وہاں شنٹنگ کے دوران ڈرائیور کی ضرور کچھ negligence ہوئی ہے وہ جس رفتار سے یا جس تیزی سے شنٹنگ ہوئی ہے اور وہ بوگیاں وہاں سے نکل پڑی ہیں وہ اس انداز سے نہیں ہونی چاہئیے تھی، اور اس کو مزید احتیاط کے ساتھ یہ ساری شنٹنگ کرنی چاہیے تھی لیکن اتفاق یہ ہوا ان کو اتنا جھٹکا لگا کہ وہ بوگیاں جن میں سے 4 میں سیمنٹ تھا اور 20میں بجری بھری ہوئی تھی وہ

جب اس decline کی طرف موو کرنا شروع ہوئی تو decline کی وجہ سے وہ سپیڈ پکڑتی گئیں۔ لوکل کچھ negligence ضرور ہوئی ہے ان کو بچانے لوپ لائن کی طرف divert کرنے کے مین لائن کی طرف کر دیا لیکن فوری طور پر جیسے یہ صورت حال معلوم ہوئی تو نورسٹیشن کو فوری طور پر اطلاع کر دی گئی جو یہاں سے تین کلو میٹر کے فاصلے پر گولڑہ شریف سے ہے وہاں کے کیبن مین نے جیسا کہ یہاں ہمارے محترم سینیٹر جبار صاحب نے بھی ذکر کیا بڑی پھرتی اور حاضر دماغی سے کام لیتے ہوئے ان ویگنوں کو لوپ لائن کی طرف divert کیا اگر یہ سیدھی میں لائن پر پنڈی چلی جاتیں تو کوئی بہت بڑا حادثہ ہوسکتا تھا لیکن اس کی حاضر دماغی کی وجہ سے ان کو وہاں سے divert کر دیا گیا اور وہ آگے چل کر detail ہوئیں اور تقریبا"۲۴ بوگیاں تھیں جن کو وہاں پر نقصان پہنچا ہے۔

جہاں تک ان کے نقصان کا تعلق ہے ۵ ویگنیں totally damage ہوئی ہیں اور ۱۹ ویگنیں ایسی ہیں جو repairable ہیں اور ان پر کچھ خرچہ کرکے ان کو repair کیا جاسکتا ہے سیمنٹ سے بھری ہوئی تین ویگنیں تھیں ان میں کوئی 2/3 سیمنٹ کا سٹاک damage ہوا بوریاں وغیرہ پھٹ گئیں اور سیمنٹ وغیرہ waste ہوا 2/3 ان کی بوریاں وغیرہ سلامت تھیں باقی بجری کا کوئی نقصان نہیں ہوا وہ retrieve کرکے استعمال میں لائی جاسکتی ہے پرائیویٹ پارٹیز کا جو نقصان ہوا ہے اس کی بھی compensation دی جائے گی اور جو بوگیاں repairable ہیں ان کو بھی انشااللہ repair کیا جائے گا۔

جہاں تک negligence کا تعلق ہے وہاں پر جو لوکل سٹاف تھا ان کے خلاف فوری طور پر ایکشن لیا گیا ہے۔ جن میں اسٹیشن ماسٹر، اسسٹنٹ سٹیشن ماسٹر انٹر لاکنگ مستری، کیبن مین، پوائنٹ مین، گولڑہ شریف سٹیشن کے جتنے یہ سٹاف والے تھے دوسرا ڈرائیور اور جو گارڈ ہے گڈز ٹرین کا ان کو فوری طور پر سسپنڈ کیا ہے اور ایک سینئر آفیسرز کی ٹیم مقرر کی ہے جن میں DTO,DME and DENشامل ہیں وہ اس پورے واقعہ کی تفتیش کر رہے ہیں اور جیسے ہی اس انکوائری کی رپورٹ آئے گی اس کی روشنی میں ہم انشااللہ بہت strict action لیں گے اور کسی کو بھی معاف نہیں کریں گے اور آئندہ کے لئے بھی ہم یہ کوشش کریں گے انشااللہ ہم اس پورے نظام کو safe بنائیں اور اس کی efficiency میں اضافہ کریں۔human errorsظاہر ہے ہوتی ہیں perfection کی طرف ہم جا ضرور سکتے ہیں لیکن پرفیکٹ کوئی بھی نہیں ہوتا کوئی بھی نظام perfection کے ساتھ

چل نہیں سکتا حادثات دنیا کے ہر ملک میں ہوتے ہیں میں یہ نہیں کہوں گا کہ میں justify کرنا چاہ رہا ہوں ہمارے ہاں جو حادثے ہوتے ہیں وہ ایک نارمل چیز ہے یہ نارمل چیز قطعاً" نہیں ہے یہ حادثات نہیں ہونے چاہیں لیکن حادثہ پھر حادثہ ہے کہیں بھی ہوسکتا ہے کبھی بھی ہوسکتا ہے لہذا میں آپ کے توسط سے اس ایوان کے معزز ممبران صاحبان کو یقین دلاتا ہوں کہ انشاللہ ہم اپنی پوری کوشش کریں گے پوری پوری ہماری توجہ نہ صرف میری بلکہ میرے محکمے کی اس طرف ہوگی کہ ہم ریلوے کی efficiency اس کی سیفٹی اور اس کی سیکورٹی کو ہم بہتر بنائیں اپنے ٹیلی کمیونیکیشن نظام کو بہتر بنائیں اس کے لئے ہم نے اوورآل ایک پلاننگ کی ہوئی ہے ہمارے پورے پاکستان کا ٹیلی کمیونیکیشن نظام ہے اس کو ہم بہتر بنائیں ہمارے جو racks ہیں ان کو بہتر بنائیں تاکہ یہ جو derailment کا ایشو بار بار آتا ہے یا بار بار اس قسم کے حادثات ہوتے ہیں وہ اس طرح سے حادثات نہ ہوں اور ہم اس پورے سسٹم کو efficiently and securely چلا سکیں میرے خیال میں میں اپنے تمام سنیٹرز صاحبان سے گزارش کروں گا کہ میری اس درخواست کے بعد اس کو پریس نہ کریں اور آپ سے میری گزارش ہوگی کہ آپ اسے رولڈ آؤٹ آف آرڈر قرار دیں ۔ شکریہ!

**Madam Deputy Chairman:** In view of the Minister's statement will you press the motion Syed Abdullah Shah Sahib?

**Lt . Gen . (Retd . ) Saeed Qadir:** Point of personal explanation Madam Chairman.

**Madam Deputy Chairman:** Gen . Saeed Qadir on a point of personal explanation.

**لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) سعید قادر ،** پوائنٹ آف انفارمیشن۔ منسٹر صاحب نے جو سٹیٹ منٹ دیا ہے بڑا واضح سٹیٹ منٹ دیا ہے لیکن ایک آدمی کو بیچ میں سے بھول گئے جس نے حاضر دماغی دکھا کر اس کو بچایا اس کو کیا انعام دیا گیا۔

**میر ہزار خان بجارانی،** اس کو انعام دیں گے ۔

**میڈم ڈپٹی چیئرمین،** سید عبداللہ شاہ صاحب ۔

**Syed Abdullah Shah**: I am aware of the limitations of the honourabl Minister for Railways because he is not the Minister of Interior. He goes on repeatedly saying that he will be seeking the cooperation of the provincial governments to protect Railways. I am telling him again on the floor of the House that he should not expect anything from there. you better kindly request to your colleague here in the Federal Government Ch. Shujat Hussain who is the Minister of Interior. He may come to your rescue but looking to his own limitations after all he is not a policeman.So, I don't press this motion.

**میڈم ڈپٹی چیئرمین**: جناب سید فصیح اقبال صاحب آپ اس کو پریس کرتے ہیں۔

**سید فصیح اقبال**: جناب چیئرمین صاحبہ! جیسے وزیر موصوف نے کہا ہے کیونکہ ان کی پرفارمنس اس ہاؤس میں رہی ہے اور اب تک انہوں نے جو کچھ کہا ہے وہ پورا کر دکھایا ہے تو امید ہے کہ وہ اس کے بعد ریلوے سیکورٹی سسٹم بہتر کریں گے لہذا میں اپنی تحریک کو پریس نہیں کرتا۔

**میڈم ڈپٹی چیئرمین**: جناب سید اقبال حیدر صاحب آپ پریس کرنا چاہتے ہیں

**سید اقبال حیدر**: محترمہ فاضل منسٹر صاحب نے اپنی کارروائی کی جو تفصیلی روئیداد دی ہے اس کے پیش نظر میں اسے پریس کرنا ضروری نہیں سمجھتا۔

**میڈم ڈپٹی چیئرمین**: جناب پروفیسر خورشید صاحب۔

**پروفیسر خورشید احمد**: ہم یہی بجارانی صاحب سے expect کرتے تھے انہوں نے فی الحقیقت سارے پہلوؤں پر روشنی ڈالی ہے اور ہم توقع رکھتے ہیں جس طرح انہوں نے کہا ہے ان واقعات پر بھی پوری گرفت کریں گے اور آئندہ بھی ان کو چیک کرنے کے لئے موثر نظام بنائیں گے اس کے بعد اس پر اصرار کی ضرورت نہیں ہے۔

**Madam Deputy Chairman**: Thank you. Motions are not pressed.

Hafiz Hussain Ahmed on a point of order:

حافظ حسین احمد: پوائنٹ آف آرڈر، محترمہ جب تک صوبائی حکومت امن و امان کے مسئلے پر قابو نہ پائے یا چوہدری صاحب اس کی طرف توجہ نہ دیں تو کیا وزیر موصوف ڈاکوؤں سے اپیل کریں گے کہ وہ ریلوے کے مسافروں پر کوئی رحم کریں ان کا سرتاج عزیز صاحب سے زیادہ حق بنتا ہے۔ ان کا بھی صوبہ سندھ سے تعلق ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں بنتا آپ تشریف رکھیں۔

میر ہزار خان بجارانی: نہیں جی میرے خیال میں میرے behalf پر مولانا صاحب اپیل کر دیں تو وہ بہتر رہے گا۔

Madam Deputy Chairman: The next item is No. 3-Legislative business.

Dr.Muhammad Rehan: Point of order, Madam Chairperson.

Madam Deputy Chairman: Dr.Rehan, on point of order.

Dr. Muhammad Rehan: May I draw your kind attention to Rule 64 of the Rules of Procedure which says:-

"that a question of privilege shall have precedence over adjournment motions."

Early in the morning after reading and advertisement in the daily "Muslim" of yesterday evening, I had given a notice of the question of privilege to the Senate Secretariat. I don't know what happened to that. That is of very serious nature.

میڈم ڈپٹی چیئرمین: ڈاکٹر ریحان صاحب، آپ اس کے بارے میں چیئرمین کے چیمبر میں جا کر ڈسکس کرسکتے ہیں۔

Dr. Muhammad Rehan: Madam Chairperson, for your kind attention I had given a notice of no adjournment motion about the government's

approval towards the rising of pricies of medicines. I also don't know what happened to that.

میڈم ڈپٹی چیئرمین، ڈاکٹر صاحب' تحریک التوا، کے لئے آدھا گھنٹہ وقت ہوتا ہے اور یہ ختم ہو چکا ہے۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید، پوائنٹ آف آرڈر۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین، جی فرمائیے۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید، میڈم چیئرپرسن' میری ایک تحریک التوا، ہے جو کہ چار دن سے مسلسل آ رہی ہے اور وقت کی قید جو ہے وہ اس کے بیچ میں حائل ہو جاتی ہے تو اس صورت میں اس غریب تحریک کا کیا حشر ہو گا۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین، "وقت" کو میں کیسے روک سکتی ہوں

اخونزادہ بہرہ ور سعید، یہ اس لئے تو نہیں ہو رہا ہے کہ اس میں میرے "صاحب بہادر" امریکہ کا نام ہے اس لئے اس کو موقع ہی نہیں مل رہا ہے۔

(مداخلت)

لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) سعید قادر، پوائنٹ آف آرڈر۔ ایسی کوئی بات نہیں ہے کہ اس کا تعلق امریکہ سے ہے۔ میری تحریک جس کا امریکہ سے کوئی تعلق نہیں ہے' وہ بھی روز آ تی ہیں اور وقت ختم ہونے کی وجہ سے ان کی باری نہیں آ رہی ہے۔ تو انشا اللہ وہ آ جائیں گی کوئی بات نہیں۔

سید مظہر علی، پوائنٹ آف آرڈر

میڈم ڈپٹی چیئرمین، جی فرمائیے۔

سید مظہر علی، میری بھی ایک تحریک التوا، ہے کہ کراچی میں پندرہ دن سے ٹیلیفون کا سسٹم خراب ہے۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین، آپ کا یہاں موشن آیا تھا لیکن وقت کی قید کی وجہ سے اسے

نہیں لے سکے ہیں ۔

**سید مظہر علی :** میرا خیال ہے کہ اس پر بحث کی ضرورت نہیں ہے ۔ وزیر موصوف جو ہیں ان کے جو کراچی میں کارند ے ہیں ان سے کہیں کہ کراچی کے لوگ جس عذات میں مبتلا ہیں ان کو اس سے نجات دلائیں۔ میرا یہی مقصد ہے ۔ کراچی میں ٹیلیفونوں کو ڈیجیٹل میں چینج کر رہے ہیں ۔ ابھی تک یہ کام مکمل نہیں ہوا ہے ، لوگوں کے نمبر روز بدل رہے ہیں اور جو advertise کر رہے ہیں وہ غلط طریقے سے کر رہے ہیں ۔ اس کے بارے میں کچھ کیا جائے ۔

**میڈم ڈپٹی چیئرمین :** آپ تشریف رکھیں ۔ آئیٹم نمبر ۲ کی فرسٹ ریڈنگ ختم ہو چکی ہے ۔ جی' جناب غلام مرتضیٰ خان صاحب ۔

**جناب غلام مرتضیٰ خان جتوئی :** جناب والا! میں محترم سینیٹر سید مظہر علی صاحب کو بتانا چاہتا ہوں کہ پورے کراچی میں کل کی شکایات کی تعداد صرف ۱۰ ہے اور ڈیجیٹل سسٹم کی وجہ سے نیا ایکسچینج لگانے کی وجہ سے یہ پرابلم ضروری تھی لیکن جیسے ہی مسئلہ کی نشاندہی سینیٹر صاحب نے کی تھی اس سے اگلے روز ہی محکمہ کی طرف سے تفصیلی رپورٹ اخبار میں چھپی ہے جس میں کہا گیا تھا کہ ۲۸ ہزار ٹیلیفون نمبر جو کہ پرانے ٹیلیفون ایکسچینج میں تھے' ان کو off load کیا جا رہا ہے' ان کے نمبر جو ہیں وہ تبدیل کئے جا رہے ہیں ۔ غالباً" جو subscribers تھے ان کو پوری طرح سے انفارمیشن نہیں مل سکی یا وہ اپنے دوستوں کو انفارمیشن نہیں دے سکے۔ اس وجہ سے عوام کو تکلیف ہوئی ہے ۔ لیکن کل تک کی رپورٹ کے مطابق پورے کراچی میں ۱۰ سے زیادہ شکایات درج نہیں کرائی گئی ہیں ۔

**میڈم ڈپٹی چیئرمین :** اچھا' سید مظہر علی صاحب' وزیر صاحب کے بیان کے بعد آپ کی تسلی ہوگئی ہے

**سید مظہر علی :** پوری تو نہیں بہرحال۔ میری درخواست یہ ہے کہ جب یہ نئی چیزیں لائیں تو اس کے بارے میں عوام کو مطلع کیا جایا کرے۔ میں جناب آپ کا صرف ایک منٹ لوں گا۔

(قدرے توقف سے)

جناب مجھے یہ بتایا گیا تھا کہ جب دو مختلف سسٹمز کو ملایا جاتا ہے تو اسے shake hand کہتے ہیں ۔ German System کا And Italian System سے shake hand ہوا ہے جس کی وجہ سے

یہ جھٹکے محسوس ہو رہے تھے ۔ اب مجھے یہ ڈر لگ رہا تھا کہ اب تو یہ دونوں یورپین سسٹم تھے۔ لیکن جب جاپانی سسٹم کا یورپین یا پاکستانی سسٹم سے shake hand ہوگا تو پتہ نہیں کہیں زلزلے نہ آ جائیں۔

**میڈم ڈپٹی چیئرمین** : شکریہ۔ اب آئٹم نمبر 3 کی فرسٹ ریڈنگ تو مکمل ہو چکی ہے اب سیکنڈ ریڈنگ کرنے کے لئے اسے Clause by Clause لیتے ہیں ۔

*(Interruption)*

**میڈم ڈپٹی چیئرمین**۔ اس میں کوئی amendment نہیں ہے۔

**جناب غلام مرتضیٰ جتوئی** ، میں اس پر ایک جنرل statement دینا چاہ رہا تھا۔

**میڈم ڈپٹی چیئرمین**: اچھا جی۔

**جناب غلام مرتضیٰ خان جتوئی** : جناب والا! اس سلسلے میں صبح میری محرکین حضرات سے میٹنگ ہوئی تھی تو محرکین حضرات اور ہم نے وزارت میں یہ طے پایا کہ محرکین اپنی ترامیم واپس لینے کے لئے تیار ہیں ۔ اور ہم نے وزارت کی طرف سے انہیں یقین دہانی کرائی ہے کہ جو کلاز نمبر ۱۴ہے

For that the opportunity for choice will be extended

اور وزارت کی طرف سے نئی ترمیم پیش کریں گے اس بل کے پاس ہونے کے بعد

amendment to clause no.17 or even to delete clause No.17 totally

اور ہم نے انہیں یہ بھی ایشورنس دی ہے کہ کلاز نمبر ۵ میں جہاں پر actual Bill میں یہ کہا گیا ہے کہ جو ترمیم نیشنل اسمبلی میں ہوئی تھی وہ ایک نیشنل اسمبلی اور ایک سینٹ کا ممبر جو ہے وہ بورڈ میں بیٹھے گا۔ ہم نے ان کو یہ یقین دہانی کرائی ہے کہ کلاز ۵ میں ہم further admendment لائیں گے اور انشاء اللہ ہماری یہ کوشش ہو گی کہ ۲ سینئر حضرات اور ۲ ایم این اے حضرات اس طرح لئے جائیں کہ چاروں صوبوں کی نمائندگی اس میں ہو جائے ۔ ہم نے محرکین کو یہ بھی یقین دہانی کرائی ہے کہ حسن اے شیخ اور پروفیسر خورشید احمد کے ساتھ بیٹھ کر یہ جو کلاز ۱۳ ہے اس کو ہم examine کریں گے اور ان حضرات کے ساتھ consultation کر کے ہم ایک نئی amendment ہاؤس میں

پیش کریں گے ۔

جناب والا! ہم نے محرکین کے ساتھ یہ بھی طے کیا ہے کہ ہم یہ پرویژن رکھیں گے کہ جو بھی صوبائی حکومتیں ہیں ان کے ساتھ regular consultation ہو اور جو بھی مسئلہ ہو وہ بورڈ میں consultation کے ساتھ زیر بحث آئے ۔میں محرکین کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے میرے ساتھ agree کیا ہے اور میں یہ گزارش کرتا ہوں کہ آپ اس بل کو ہاؤس کے سامنے پیش کر دیں ۔ میں سینٹ کے معزز اراکین سے اس یقین دھانی کے بعد گزارش کروں گا کہ اس کو unanimously پاس کر دیا جائے ۔

سید عبداللہ شاہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین ۔ جی فرمائیے ۔

سید عبداللہ شاہ ۔ مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ہمارے نوجوان وزیر صاحب نے صحیح بات نہیں کی ہے ۔ انہوں نے دس مرتبہ کہا ہے کہ میں نے محرکین سے یہ باتیں discuss کی ہیں ۔آپ مہربانی کر کے amendment کو دیکھیں کہ ان میں movers کون ہیں ۔ایک moverمیں ہوں دوسرے گلزار احمد خان ایک mover ہیں ۔

I am only trying ot correct him. He did not discuss it with me. We are the main movers in these amendments. So, none of us neither Iqbal Haider was called, nor myself was called, nor Mr. Abdur Rahim Mandokhel was called. We are all movers of these amendments, Actually what happend that when I came to this House in the morning, Mr. Hasan Shaikh, told me that there was a meeting and because the Government is getting some good allocation from a foreign agency, therefore, this bill has to be passed today otherwise if it lapses the country will suffer a great loss. He also said that the honourable Minister will come and make a statement on the floor of the House that our amendments will be considered and accepted in the next session, I said, "yes". We are not here in this House to oppose for the sake of opposition. We will be the last people to come in the way

of the Government when the national interest requires that we must cooperate with them. But I will request the young Minister that before he makes such a statement he should see as to whom he is talking to. We were the concerned movers of the amendments but we were not summoned to his office. He has given us the assurance on the floor of the House that our amendments will be included in the next session. So, I will not press these amendments for the time being.

**Madam Deputy Chairman:** Mr. Abdur Rahim Mandokhel on point of order.

**جناب عبدالرحیم خان مندوخیل ۔** جناب بالکل جس طرح عبداللہ شاہ صاحب نے کہا ہم نے اس میں اہم ترمیات پیش کی ہیں ہم نے یہ ترامیم بنیادی حقوق صوبائی خود مختاری کے نکات سامنے رکھ کر پیش کی تھیں اور تقریباً ہرکلاز میں یعنی کلاز ۵، ۶، ۹، ۷، ۱۱، ۱۳، ۱۷ میں پیش کریں ۔اور اسی طرح جناب والا! میں نے شیڈول میں روڈز اور نیشنل ہائی وے کی فہرست میں ترامیم پیش کی تھیں چترال گرم چشمہ گلگت کے لئے شاہراہ کی خاص اہمیت ہے ۔ اور پھر ژوب ، میرانی خیل ، کھجوری کچھ ،ٹانک اور پیزو کے لئے ہم نے ترامیم پیش کی تھیں اس حوالے سے ہم سے کوئی بات نہیں ہوئی شاید دوسرے ساتھیوں سے ہوئی ہو اچھی بات. ہے ہم مخالفت برائے مخالفت کے قائل نہیں ۔ہمیں بھی اعتماد میں لیا جائے اور بالخصوص شیڈول میں جو دو روڈز تجویز کئے ہیں انکے بارے میں وزیر صاحب ہمیں بتائیں ۔

**جناب غلام مرتضیٰ خان جتوئی ۔** جناب میں عبداللہ شاہ صاحب کو وضاحت کروں کہ یہ میٹنگ اچانک ہوئی اور ہم نے کوشش کی کہ سب ممبران سے بیٹھ کر بات کریں لیکن رابطہ ان سے نہیں ہو سکا ۔ لیکن ان کی ترامیم تقریباً وہی ہیں جن پر بیٹھ کر انشاء اللہ تعالیٰ جیسا کہ میں نے پہلے کہا کہ کلاز ۵، ۱۷، ۱۳ تو ان پر ہم حکومت کی جانب سے ترامیم دینے کے لئے تیار ہیں اور وہ رضا مندی ان کے ساتھ ہو چکی ہے اور ابھی بھی وہ similar ترامیم ہیں یہ جو آخری ترمیم کی بات عبدالرحیم خان نے کی ہے میں ان کو بتانا چاہتا ہو کہ جو federalization of roads اس کی

کیبنٹ سے منظوری ضروری ہے او ہم سارے صوبوں سے مشاورت کرتے ہیں جو بھی federalized roads ہو تے ہیں وہ پہلے کیبنٹ کو جاتے ہیں اس کے بعد اسے فیڈرل گورنمنٹ لیتی ہے تو اس قسم کی اگر حکومت کی طرف سے کوئی تجویز آئی تو یقیناً اسے ریفر کریں گے ۔ اگر کیبنٹ نے منظور کیا تو وہ سارے federalized roads ہوں گے۔

جناب عبدالرحیم خان مندو خیل ۔ اس کے بارے میں اتنا عرض کر وں گا کہ چونکہ یہ ترمیم ہے اور اس کو ہم نے دیناتھا کیبنٹ سے یہاں آ کر بل کی شکل میں اس میں ہم نے یہاں ترمیم دینی ہے تو اس کے معنی ہیں کہ یہاں سے ہم نے بھی initiate کیا ہے تو کیا یہ آپ کیبنٹ میں پیش کریں گے ؟ ان کی اپنی اہمیت ہے ۔

جناب غلام مرتضیٰ خان جتوئی ۔ یہ صوبائی گورنمنٹس کے ساتھ صلاح مشورہ کرنے کے بعد انشاء اللہ ہم یہ کیبنٹ میں پیش کریں گے ۔جی میں بالکل ایشورنس دینا چاہتا ہوں ۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین ۔ اس ایشورنس کے بعد آپ پریس کریں گے ؟

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل ۔ جی نہیں شکریہ ۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین ۔جی اقبال حیدر صاحب پوائنٹ آف آرڈر ۔

سید اقبال حیدر ۔ آن پوائنٹ آف آرڈر ،محترمہ ! یہ جو ترامیم ہیں ان کے movers میں ایک میں بھی تھا ۔

(مداخلت)

جتوئی صاحب ہم خفا نہیں ہیں ۔ہم صرف یہ گزارش کرنا چاہتے ہیں کہ یہ جو دو افراد کی کمیٹی آپ نے بنائی ہے اس میں ایک نمائندہ ہم تینوں میں سے لیا جائے ۔دو آدمیوں یعنی شیخ صاحب اور خورشید صاحب کی کمیٹی بنائی ہے ۔ہم تینوں میں سے ایک لیا جائے ۔

جناب غلام مرتضیٰ خان جتوئی ۔ جناب کمیٹی نہیں بنائی میں نے کہا کہ ہم consultation سے بل کو ترمیم کریں گے اگر آپ بھی اس میں شامل ہونا چاہتے ہیں تو ۔ You are more than welcome.

میڈم ڈپٹی چیئرمین ۔ اب آپ decide کرلیں کہ کون جائے گا ۔جناب حافظ

صاحب ۔

حافظ حسین احمد ۔ محترمہ ! یہ جو ہائی وے کونسل بنائی جارہی ہے اس میں ہمیں کچھ خدشات ہیں ۔ اور وہ یہ کہ جو غیر ملکی امداد ہمیں ہائی ویز کے لئے فراہم ہو رہی ہے اس قسم کی کمیٹی بنائی جارہی ہے جس کے چیئرمین وزیراعظم ہوں گے جس میں صوبوں کی نمائندگی اور وہاں کے صوبائی وزراء نہ ہوں تو یہ جو موٹر وے بنایا جارہا ہے اس کا پلان اور اس کے بارے میں وزیر اعظم صاحب نے بھی کہا ہے تو ہم یہ سمجھتے ہیں کہ صرف جی ٹی روڈ کو موٹر وے بنائیں گے ۔ہمیں یہ یقین دہانی کرائی جانے کہ جو غیر ملکی امداد پاکستان بھر کے ہائی ویز کے لئے آپ حاصل کر رہے ہیں کیا اس میں بھی صوبوں کو حق حاصل ہو گا یا صرف آپ پانچ سال کے لئے موٹر وے بنائیں گے اور وہ جی ٹی روڈ ہی ہو گا اور ہم سے آپ انگوٹھا لگوانا چاہتے ہیں یہ بات ہم نے ان سے کمیٹی میں بھی یہ گزارش کی تھی اور میں یہی درخواست کرو ں گا کہ وزیر موصوف ہاؤس میں ہمیں یہ یقین دھانی کرائیں کہ جو بھی غیر ملکی امداد ہائی ویز اتھارٹی کے through آئے گی اس میں صرف ایک صوبے کے لئے موٹر وے نہیں بنایا جائے گا اس میں دوسرے صوبوں کا حق بھی ہو گا ۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین۔ جناب اب یہ clause-wise لیں گے ۔

Now we will take take it up clause by clause.

Clause 2 . There is no amendment in clause 2.

Now, I put this clause.

The question is :

"that clause 2, do form part of the Bill"

*(The motion was adopted)*

**Madam Deputy Chairman** : Clause 2 forms part of the Bill

Clause 3- There is no amendment in clause No.3

Now, I put this clause No.3.

The question is :

" That clause 3 do form part of the Bill

**Madam Deputy Chairman** : Clause 3 forms part of the Bill

Clause 4.- Again, there is no amendment in clause No.4

Now, I put this clause No.3.

The question is :

" That clause 4 do form part of the Bill"

*(The motion was adoptd)*

**Madam Deputy Chairman** : Clause 6 forms part of Bill. Now clause 5.

*(interruption)*

**Madam Deputy Chairman** : They are not moving the amendment

**Jam Karar-ud-Din**: We can also withdraw our amendments.

**Syed Faseih Iqbal** : Yes.

**Madam Deputy Chairman** : Do they (Jam Karar-ud-Din and Syed Faseih Iqbal) leave to withdraw their amendments.

*(Leave was granted)*

**Madam Deputy Chairman** : The , amendments stand withdrawn Thank you.

So, I put clause 5.

The question is:

"that caluse 5 do form part of the Bill"

*(The motion was adopted)*

**Madam Deputy Chairman** : 5 forms part of the Bill.

Clause 6 - There is no amendment in clause No. 6.

*(interruption)*

Madam Deputy Chairman : But they are not moving this.

Now, I put this clause No.6.

The question is :

" That clause 6 do form part of the Bill"

*(The motion was adopted)*

Madam Deputy Chairman : Clause 6 forms part of the Bill

Clause 7 - There is no amendment but they are not moving it.

So, there is no amendment is caluse 7.

Now, I put this clause No.7.

The question is :

" That clause 7 do forms part of the Bill

*(The motion was adopted)*

Madam Deputy Chairman : Clause 7 do forms part of the Bill

Clause 8 - There is no amendment in clause No. 8.

Now, I put this clause No.8.

The question is :

" That clause 8 do form part of the Bill

*(The motion was adopted)*

Madam Deputy Chairman : Clause 8 forms part of the Bill

Clause 9 - There is no amendment but they are not moving it.

So, there is no amendment in caluse 9.

Now, I put this clause No.9.

The question is :

" That clause 9 do form part of the Bill"

*(The motion was adopted)*

**Madam Deputy Chairman** : Clause 9 forms part of the Bill

Clause 10 - There is no amendment in clause No. 10.

Now, I put this clause No.10.

The question is :

" That clause 10 do forms part of the Bill"

*(The motion was adopted)*

**Madam Deputy Chairman** : Clause 10 forms part of the Bill

Clause 11 - There is no amendment but the mover is not moving it.

Now, I put this clause No.11.

The question is :

" That clause 11 do forms part of the Bill"

*(The motion was adopted)*

**Madam Deputy Chairman** : Clause 11 forms part of the Bill

Clause 12 - There is no amendment .in clause 12.

Now, I put this clause No.12.

The question is :

" That clause 12 forms part of the Bill"

*(The motion was adopted)*

**Madam Deputy Chairman** : Clause 12 forms part of the Bill

Clause 13 - There are also some amendments but the movers are not moving it.

So, there is no amendment is caluse 13.

Now, I put this clause No.13.

The question is :

" That clause 13 do form part of the Bill"

*(The motion was adopted)*

**Madam Deputy Chairman** : Clause 13 forms part of the Bill

Clause 14 - There is no amendment in clause 14.

Now, I put this clause No.14.

The question is :

" That clause 14 do form part of the Bill

*(The motion was adopted)*

**Madam Deputy Chairman** : Clause 14 forms part of the Bill

Clause 15 - There is no amendment in caluse 15.

Now, I put this clause No.15.

The question is :

" That clause 15 do form part of the Bill"

*(The motion was adopted)*

**Madam Deputy Chairman** : Clause 15 forms part of the Bill

Clause 16 - There is no amendment in caluse 16.

Now, I put this clause No.16.

The question is :

" That clause 16 do form part of the Bill"

*(The motion was adopted)*

**Madam Deputy Chairman** : Clause 16 forms part of the Bill

Clause 17 - There is no amendment but the mover is not moving it. So, there is no amendment in clause 17.

Now, I put this clause No.17.

The question is :

" That clause 17 do form part of the Bill"

*(The motion was adopted)*

**Madam Deputy Chairman** : Clause 17 forms part of the Bill

Clause 18 - There is no amendment in caluse 18.

Now, I put this clause No.18.

The question is:

" That clause 18 do form part of the Bill"

*(The motion was adopted)*

**Madam Deputy Chairman** : Clause 18 forms part of the Bill

Clause 19 - There is no amendment in caluse 19.

Now, I put this clause No.19.

The question is :

" That clause 19 do form part of the Bill"

*(The motion was adopted)*

**Madam Deputy Chairman** : Clause 19 forms part of the Bill

Clause 20 - There is no amendment in caluse 20.

Now, I put this clause No.20.

The question is :

" That clause 20 do form part of the Bill"

*(The motion was adopted)*

**Madam Deputy Chairman** : Clause 20 forms part of the Bill

Clause 21 - There is no amendment in caluse 21.

Now, I put this clause No. 21.

The question is :

" That clause 21 do form part of the Bill"

*(The motion was adopted)*

**Madam Deputy Chairman** : Clause 21 forms part of the Bill

Clause 22 - There is no amendment in caluse 22.

Now, I put this clause No.22.

The question is :

" That clause 22 do form part of the Bill"

*(The motion was adopted)*

**Madam Deputy Chairman** : Clause 22 forms part of the Bill

Clause 23 - There is no amendment in caluse 23.

Now, I put this clause No.23.

The question is :

" That clause 23 do form part of the Bill"

*(The motion was adopted)*

**Madam Deputy Chairman** : Clause 23 forms part of the Bill

Clause 24 - There is no amendment in caluse 24.

Now, I put this clause No.24.

The question is :

" That clause 24 do form part of the Bill"

*(The motion was adopted)*

**Madam Deputy Chairman** : Clause 24 forms part of the Bill

Clause 25 - There is no amendment in caluse 25.

Now, I put this clause No.25.

The question is :

" That clause 25 do form part of the Bill"

*(The motion was adopted)*

**Madam Deputy Chairman** : Clause 25 forms part of the Bill

Clause 26 - There is no amendment in caluse 26.

Now, I put this clause No.26.

The question is :

" That clause 26 do form part of the Bill"

*(The motion was adopted)*

**Madam Deputy Chairman** : Clause 26 forms part of the Bill

Clause 27 - There is no amendment in caluse 27.

Now, I put this clause No.27.

The question is :

" That clause 27 do form part of the Bill"

*(The motion was adopted)*

**Madam Deputy Chairman** : Clause 27 forms part of the Bill

Clause 28- There is no amendment in caluse 28.

Now, I put this clause No.28.

The question is :

" That clause 28 do form part of the Bill"

*(The motion was adopted)*

**Madam Deputy Chairman** : Clause 28 forms part of the Bill

Clause 29 - There is no amendment in caluse 29.

Now, I put this clause No.29.

The question is :

" That clause 29 do form part of the Bill"

*(The motion was adopted)*

**Madam Deputy Chairman** : Clause 29 forms part of the Bill

Clause 30 - There is no amendment in caluse 30.

Now, I put this clause No.30.

The question is :

" That clause 30 do form part of the Bill"

*(The motion was adopted)*

**Madam Deputy Chairman** : Clause 30 forms part of the Bill

Clause 31 - There is no amendment in caluse 31.

Now, I put this clause No.31.

The question is :

" That clause 31 do form part of the Bill"

*(The motion was adopted)*

**Madam Deputy Chairman** : Clause 31 forms part of the Bill

Clause 32 - There is no amendment in caluse 32.

Now, I put this clause No.32

The question is :

" That clause 32 do form part of the Bill"

*(The motion was adopted)*

**Madam Deputy Chairman** : Clause 32 forms part of the Bill

Clause 33 - There is no amendment in caluse 33.

Now, I put this clause No.33.

The question is :

" That clause 33 do form part of the Bill "

(The motion was adopted)

Madam Deputy Chairman : Clsudr 33 gotmd psty og yhr Bill.

So, now I put the schedule

The Quesiton is;

"That the schedule forms part of the Bill"

(The motion was adopted)

The schedule forms part of the Bill. The quesition is : 'that clause 1, short title, extent and commencement and preamble forms part of the Bill'.

*(The motion was adopted)*

**Madam Deputy Chairman** : Mr. Manzoor Ahmed Gichki on point of order.

جناب منظور خان گچکی ۔ میرا پوائنٹ آف آرڈر یہ ہے کہ ہم نے وزیر صاحب کو یقین دھانی کرائی تھی کہ اس بل کے سلسلے میں ہم تعاون کریں گے انہوں نے بھی ہمیں یقین دھانی دی تھی لیکن میں ان کی اس یقین دھانی کو فلور آف دی ہاؤس پر commit کروانا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ آیا یہ جو گرانٹ دی جارہی ہے ظاہر ہے کہ اس کو اتنی جلدی میں اس لئے لیا جارہا ہے تاکہ یہ عمل legalize ہو تو میں ان سے یہ یقین دھانی لینا چاہتا ہوں کہ وہ اس رقم کو صرف ایک سڑک کے لئے استعمال نہیں کریں گے بلکہ اس کو تمام ہائی ویز کے لئے استعمال کیا جانے گا کیوں کہ ہمیں یہ شک ہے کہ کسی وقت بھی ارادے بدل جاتے ہیں یہ مرتضیٰ صاحب نہیں بلکہ اور ادارے ہیں جو چینج کرواتے ہیں رہتے ہیں ۔

میڈم ڈپٹی چیئرمین: یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں بنتا آپ تشریف رکھیں۔

**Mr. Ghulam Murtaza Khan Jatoi** : Madam Chairperson, I beg to move:-

"that the Bill to establish a National Highway Authority [the National Highway Authority Bill, 1991.] be passed."

**Madam Deputy Chairman** : It has been moved:-

"that the Bill to establish a National Highway Authority [the National Highway Authority Bill,] 1991, be passed."

(The motion was adopted)

**Madam Deputy Chairman** : The Bill stands passed.

Now, I read the President's order.

"In exercise of powers conferred by clause 1 of Article 54 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, I hereby prorogue the Senate on the conclusion of its sitting on 30th May, 1991."

Sd/-

**Ghulam Ishaq Khan**

President,

Islamic Republic of Pakistan

hank you.

---

*(The Senate then prorogued sine die)*

---

PCPPI—2450(99) Senate—19-3-99—150.